23 اکتوبر 2020

محترم CPS فیملیز،

جیسا کہ ہم اپنے تعلیمی سال کی پہلی سہ ماہی کے اختتام پر پہنچ گئے ہیں، ہم اپنے اساتذہ، عملے، اور فیملیز کے انتھک کام اور لگن کو یاد کرتے ہیں جنہوں نے مل کر اس بات کو یقینی بنایا کہ ہمارے طلباء اعلیٰ معیار کی تعلیم کا حصول جاری رکھ سکیں، اور ابھی، ہمارے انتہائی ضرورت کے حامل طلباء کے لیے بے پناہ چیلنجز باقی ہیں۔ تحقیق بعد از تحقیق نے ہم پر آشکار کیا کہ آن لائن تعلیمی عمل ہمارے بہت سے طلباء کے لیے مؤثر ثابت نہیں ہو پا رہا۔

جبکہ COVID-19 اب بھی ایک انتہائی سنجیدہ نوعیت کا مسئلہ ہے، شکاگو اور پورے ملک کے اسکولز سے حاصل ہونے والا ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ اسکولز بمشکل بیماری پھیلانے کے ماخذ ہیں۔ COVID-19 کے اس نئے ادراک سے، ہمیں ان تصورات کو لازماً چیلنج کرنا چاہیئے کہ اسکول کی عمارات کو غیر معینہ مدت تک بند رکھا جائے، اور طلباء کو اپنے اختیار میں موجود ہر کام کر کے واپس اسکول لانا چاہیئے جس کی شروعات ہمارے سب سے نوعمر سیکھنے والوں اور خصوصی ضروریات کے حامل بچوں سے کی جانی چاہیئے۔

اس ہفتے کے آغاز میں، ہم نے شخصی ہدایت کی جانب واپس آنے کی خواہش کو بہتر انداز میں سمجھنے کے لیے پری k یا درمیانے اور انتہائی کلسٹر پروگرامز (mild and intensive cluster programs) میں اندراج کردہ بچوں کی حامل فیملیز کو ایک رضامندی کا فارم بھیجا تھا۔ یہ فارم ہمارے طلباء کے معلوماتی سسٹم، ایسپن (Aspen) میں فہرست کردہ بنیادی رابطوں کو بھیجا گیا تھا۔ اگر آپ کو رضامندی کا فارم موصول نہیں ہوا، تو براہ کرم اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔ آپ کے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کے علاوہ، وہ براہِ راست سیکھنے کے عمل میں آپ کی واپسی یا گھر سے تعلیمی عمل کو جاری رکھنے کی خواہش کی رضامندی کو رجسٹر کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

ہماری اولین ترجیح اب بھی ہمارے طلباء اور ان کی فیملیز کی صحت اور حفاظت ہی ہے، اور اگر ہمارے صحت عامہ کے اہلکاران کے مطابق ہم اسکول کو محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں ازسر نو کھولنے کے قابل نہیں تو ہم ایسا نہیں کریں گے۔ ہم صحت عامہ کی صورتحال کا تجزیہ کرنا جاری رکھیں گے اور اپنے صحت عامہ کے اہلکاران کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کریں گے کہ صحت عامہ کی تازہ ترین رہنمائی پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔

**ہم پری-k یا کلسٹر پروگرام کے حامل بچوں کی تمام فیملیز سے 28 اکتوبر تک فارم کو مکمل کرنے کی درخواست کرتے ہیں۔**

- اگر تیسری سہ ماہی میں اس پر پیش رفت ہوتی ہے تو — دوسری سہ ماہی کے اختیار کیے جانے والے انتخاب سے قطع نظر تمام فیملیز شخصی تعلیمی عمل کو منتخب کرنے کے قابل ہوں گی
  - اگر آپ نے پہلے سے ہی فارم کو مکمل کر لیا ہے، تو آپ 28 اکتوبر تک اپنے فیصلے میں ردوبدل کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ نے گھر سے ہی تعلیمی سلسلے کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، یا مقررہ تاریخ تک فارم کو مکمل نہیں کرتے، تو پوری دوسری سہ ماہی میں آپ کا بچہ ورچوئل ہدایت میں حصہ لینا جاری رکھے گا۔
- براہ کرم نوٹ کریں کہ بوجہ ٹیکنالوجی کی روزمرہ کی مرمت، رضامندی کا فارم ہفتہ، 24 اکتوبر شام 6 بجے سے اتوار، 25 اکتوبر صبح 4 بجے تک دستیاب نہیں ہو گا۔
- اگر آپ کے کوئی بھی سوالات ہیں، تو براہ کرم ہمارے FAQ صفحے کو ملاحظہ کریں یا اضافی معلومات کے لیے cps.edu/reopening2020 پر تشریف لائیں۔

اس خزاں میں آگے چل کر، ہم اضافی گریڈز کے لیے شخصی تعلیم کا ممکنہ دائرہ کار بڑھانے کے حوالے سے وسیع تر CPS کمیونٹی کو مصروف عمل کریں گے۔ ہمیشہ کی طرح، آپ کی مسلسل معاونت کا شکریہ۔ طلباء کو محفوظ رکھنے کے ہمارے منصوبے کے متعلق مزید معلومات کے لیے، cps.edu/reopening2020 ملاحظہ کریں۔

مخلص،

جینس کے جیکسن (Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

لاتانیا ڈی مک ڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

---

## Google بریک آؤٹ رومز

ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے کا/کی ٹیچر اس کے آن لائن تعلیمی تجربے کو بہتر بنانے کے لیے Google Meet میں نئی خصوصیت کا استعمال کرے۔ حقیقی وقت میں ہدایت دینے کے دوران، ٹیچرز طلباء کو چھوٹے گروپس میں تقسیم کرنے کے لیے اب بریک آؤٹ رومز تخلیق کر سکتے ہیں۔ بریک آؤٹ رومز مختصر گروپ ہدایت اور طلباء کے باہمی تعاون اور کسی مخصوص موضوع پر تبادلۂ خیال کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے ذریعے شخصی تعلیمی عمل کی نقل تیار کرتے ہیں۔ اس ٹول کے حفاظتی اور موزوں انداز میں استعمال کو یقینی بنانے کے لیے، ہم نے Google Meet میں بریک آؤٹ رومز کو استعمال کرنے کے بارے میں ٹیچرز کو تفصیلی رہنمائی اور تجاویز فراہم کی ہیں۔

براہ کرم اس بات کو ملحوظ خاطر رکھیں کہ بریک آؤٹ رومز موبائل ڈیوائسز پر کام نہیں کرتے، اور ہم اپنے ٹیچرز سے درخواست کر رہے ہیں کہ طلباء کی اس خصوصیت تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے بریک آؤٹس کا آغاز کرنے سے قبل ان کی رائے جان لیں۔ آپ کا بچہ Google Meet پر بریک آؤٹ رومز کیسے استعمال کر پائے گا کہ متعلق اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم اپنے بچے کے ٹیچر سے رابطہ کریں۔

## LSC انتخابات

اپنی اسکول کمیونٹی میں اپنی رائے کا اظہار کریں! پہلی مرتبہ، CPS والدین، سرپرست کنندگان، اور عملے کو LSC نمائندگان کے لیے میل کے ذریعے ووٹ کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔ ہم اس ماہ میں آگے کی تاریخوں میں والدین اور عملے کے اراکین کو پیشگی ادا کردہ لفافے کے ہمراہ میل ان بیلٹ ارسال کریں گے۔ میل ان بیلٹ کو LSC انتخابی دن کے اختتام تک اسکول میں موصول ہو جانا چاہیئے۔ والدین، سرپرست کنندگان، اور عملہ اپنے اسکول میں میل ان بیلٹ پہنچانے یا شخصی ووٹ دینے کے لیے اپنے متعلقہ اسکول کا دورہ بھی کر سکتے ہے۔

شخصی ووٹنگ کے لیے، ضلع صحت اور حفاظت کے سخت اقدامات کو نافذ کر رہا ہے، جس میں سماجی فاصلہ بندی لاگو کرنا، چہرہ ڈھانپنے کا تقاضہ، اور یقینی بنانا کہ اسکول کی عمارات میں داخل ہونے سے قبل صحت کا اسکرینر اور درجۂ حرارت کی پڑتال مکمل کر لی گئی ہے شامل ہے۔ ضلع معذوری کے حامل افراد کے لیے فٹ پاتھ کے کنارے ووٹ دینے کی سہولت اور طلباء کے لیے ورچوئل ووٹنگ کی پیشکش بھی کرے گا۔

## انتخابی شیڈول:

والدین، سرپرست کنندگان، عملے کے اراکین، اور کمیونٹی کے اراکین کے لیے شخصی ووٹنگ:

- ایلیمنٹری اسکولز: 18 نومبر صبح 7 سے شام 7 بجے کے درمیان۔
- ہائی اسکولز: 19 نومبر صبح 7 سے شام 7 بجے کے درمیان۔

والدین، سرپرست کنندگان اور عملے کے اراکین کے لیے میل ان ووٹنگ:

- میل ان بیلٹس انتخابی تاریخ کو شام 7 بجے تک لازماً موصول ہو جانے چاہیئں (ایلیمنٹری اسکول کے انتخاب کے لیے 18 نومبر، ہائی اسکولز کے لیے 19 نومبر)

طلباء کے لیے ورچوئل ووٹنگ:

- طلباء کو پرنسپلز کی جانب سے 17 نومبر کو ووٹ ڈالنے کے لیے 16 نومبر کو الیکٹرانک بیلٹس موصول ہوں گے۔

ہمارے بلاگ پر ہمارے LSC انتخابات کے متعلق مزید جانیں۔

**پرنسپل کی حوصلہ افزائی کا مہینہ**

ہمارے پرنسپلز کو پرنسپل کی حوصلہ افزائی کے دن کی مبارک باد دینے کے لیے ہمارے ساتھ شامل ہوں! ہم پرنسپل کی حوصلہ افزائی کے اس پورے مہینے میں اپنے پرنسپلز کے غیر معمولی کام کی پذیرائی کو جاری رکھیں گے۔ ڈاکٹر جیکسن (Jackson) کا ویڈیو پیغام دیکھیں، نمایاں کارکردگی دکھانے والے پرنسپلز جیسے مک ڈوول ایلیمنٹری (McDowell Elementary) کے ڈاکٹر جو اسٹرلنگ ہڈ (Dr. Jo Easterling-Hood) اور تالمان ایلیمنٹری (Talman Elementary) کی ڈاکٹر جیکیولین میڈنا (Jacqueline Medina) کے متعلق پڑھیں، اور سوشل میڈیا پر Twitter اور Instagram پر #PrincipalPrideChi اور @chipubschools tag یا Facebook پر @chicagopublicschools استعمال کرتے ہوئے ہمارے پرنسپلز کے لیے حوصلہ افزائی کے اشتراک میں ہمارے ساتھ شامل ہوں۔

**اکتوبر کی بورڈ آف ایجوکیشن کی میٹنگ**

اکتوبر کی بورڈ آف ایجوکیشن کی میٹنگ بروز بدھ، 28 اکتوبر صبح 10:30 بجے منعقد کی جائے گی، ہمیشہ کی طرح، لائیو براڈ کاسٹ دیکھنے اور ضلعی رہنماؤں، بورڈ کے اراکین، اور کمیونٹی کے اراکین کی جانب سے اپ ڈیٹس سننے کے لیے ہمارے YouTube چینل کو ٹیون کریں۔